© rasailojaraid.com



# گلدستۂ اخبار

——— خلیفہ قادیان اور ان کے حرم ثانی وثالث آجکل ڈلہوزی میں قیام پذیر ہیں۔ خلیفہ صاحب کی طبیعت کچھ ناساز رہتی ہے۔ مریدین خاص طور پر صحت کیلئے دعائیں مانگتے ہیں۔ (ناظرین بھی دعا کریں)

——— قادیان سے پولیس کا تھانہ اُٹھالیا گیا ہے۔ اب صرف مذبح پر چوکی رہیگی۔

——— وسط جون میں گرمی کی شدّت ہونے کے باعث کئی اموات واقع ہوئی ہیں۔

——— پنجاب یونیورسٹی نے بی اے کے نصاب سے تاریخ اسلام کو خارج کر دیا ہے۔ جس کے احتجاج کیلئے پنجاب کے طول وعرض میں متعدد جلسے ہوئے ہیں۔

——— انجمن حمایت اسلام لاہور نے قصبہ نواں کوٹ متصل لاہور اپنے یتیم خانہ کی عمارت تعمیر کی ہے۔

——— کراچی میں سندھ کو آزاد کرانے کیلئے ایک جلسہ کیا گیا جس میں آزادی سندھ کا پُرزور مطالبہ کیا گیا۔

——— امرتسر۔ ایک بوڑھی عورت تحصیل پورہ کے قریب اَپ شملہ میل کے نیچے آکر مر گئی۔ اس کے پاس سے ۲۱۵ روپے برآمد ہوئے۔

——— کانگرس اور حکومت ہند میں پھر صلح کی کوشش ہو رہی ہے۔

——— بمبئی میں اب امن وامان ہے۔ تاہم کسی کسی دن کوئی واردات ہو جاتی ہے۔

——— کانپور میں ہندو مسلم تصادم ہو گیا۔ مگر پولیس نے جلد ہی صورت حالات پر قابو پالیا۔

——— ضلع گنٹور کے ایک گاؤں میں تباہ کن آتشزدگی کی واردات ہوئی قریبًا ایک لاکھ کا نقصان ہوا۔

© rasailojaraid.com